**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

## 28 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیئرمین تحریک انصاف کی توشہ خانہ کیس میں سزا کی معطلی کی درخواست پر فیصلے کے اجراء میں تاخیر پر نہایت تشویش کا اظہار
- وہ کون ہے جو بغیر کسی قانونی جواز کے چاہتا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف کو پابندِ سلاسل رکھا جائے۔
- قوم گواہ ہے کہ عمران خان کو جیل میں قید رکھنے کا ریاست کے پاس کل کوئی قانونی جواز تھا نہ آج ہے۔
- توشہ خانہ کیس میں بدترین ٹرائل کے نتیجے میں سامنے آنے والے سیاہ عدالتی فیصلے میں پوشیدہ انتقام اور نقائص پوری طرح آشکار ہو چکے ہیں۔
- الیکشن کمیشن کی جانب سے معاملے کو التواء کا شکار کرکے بدترین حالات میں قید چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو مجرمانہ انتقام کا نشانہ بنانے کی کوششیں بھی قوم پر عیاں ہیں۔
- عدالتِ عالیہ کی جانب سے الیکشن کمیشن کو عدالتی وقت ضائع کرنے اور غیر قانونی طور پر قید چیئرمین تحریک انصاف کو بنیادی آئینی حقوق سے محروم کرنے کی پیہم اجازت دیا جانا بھی نہایت افسوسناک ہے۔
- انصاف میں تاخیر انصاف کے قتل کے مترادف ہے، قوم آئین و قانون سے جاری کھلواڑ کی فوری بندش کا مطالبہ کرتی ہے۔
- امید ہے کہ معاملے کو مزید کسی شرارت و التواء کا شکار کئے بغیر چیئرمین عمران خان کی سزا کی معطلی اور رہائی کے احکامات جاری کئے جائیں گے۔

- وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کے ریمانڈ میں مزید 2 روز کی توسیع اور صدر تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی کے آئینی و قانونی حقوق کو مسلسل سلب کئے جانے کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں۔
- سینیٹر عون عباس بپّی، حسان نیازی ایڈووکیٹ سمیت غیر قانونی طور پر اغوا و لاپتہ کر دیے جانے والے تمام شہریوں کی فوری بازیابی و رہائی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں۔
- ننگے انتقام اور تحریک انصاف کو کچلنے کی غرض سے جیلوں میں قید سینئر قائدین اور حوصلہ مند خواتین کارکنان کی فوری رہائی بھی آئین، قانون، حقوق اور جمہوری و انسانی اقدار کی بحالی کیلئے اشد ضروری ہے۔
- تحریک انصاف چیئرمین عمران خان سمیت تمام قائدین و کارکنان کی فوری رہائی کیلئے تمام جائز سیاسی و قانونی تدابیر کا سلسلہ جاری رکھے گی۔
- آئین و قانون کی بالادستی، جمہوریت کی بحالی و فروغ، عوام کے معاشی و سیاسی حقوق کے تحفظ اور پاکستان کی حقیقی آزادی، خودداری اور خودمختاری کی تحریک سے ایک انچ پیچھے نہیں ہٹیں گے۔
- ملکی تاریخ کی بدترین مہنگائی خصوصاً بجلی کے ناقابلِ ادائیگی نرخوں کیخلاف ملک گیر احتجاج میں شرکت کا فیصلہ
- ملک میں تیزی سے پھیلتی غربت و افلاس اور عوام کی قوّت خرید کی تباہی نون لیگ، پیپلز پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام سمیت دیگر پر مشتمل پی ڈی ایم سرکار کی مجرمانہ حکومت کا کارنامہ قرار
- تحریک انصاف کی منتخب جمہوری حکومت کیخلاف سازش کی گئی تو عوام آج کے مقابلے میں قابلِ ذکر حد تک آسودہ جبکہ معیشت 6٪ کی سالانہ نمو سے ترقی کر رہی تھی۔
- رجیم چینج سازش کے نتیجے میں مسلط ہونے والے مجرم ملک میں بدترین مہنگائی اور معاشی تباہی کا وسیلہ بنے۔
- چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے 16 ماہ کے دوران مسلسل اس تباہی و بربادی کی تفصیلات سے قوم کو آگاہ کیا۔

- عمران خان مسلسل نشاندہی کرتے آئے کہ معیشت سنبھالنا یا عوام کو مہنگائی کے طوفان سے بچانا ان مجرموں کا ایجنڈا تھا نہ ان میں اس کی اہلیت تھی۔
- عوام کے معاشی قتلِ عام کیخلاف پیہم گونجتی آواز کو دبانے کیلئے عمران خان کو ایک جھوٹے مقدمے اور جعلی ٹرائل کے ذریعے جیل میں بند کر دیا گیا۔
- بدترین مہنگائی اور بجلی کے ناقابلِ برداشت بِلّوں کیخلاف بلکتی عوام کی آواز بنیں گے۔
- بجلی کے بِلّوں کے ذریعے عوام کی جیبوں پر دن دیہاڑے ڈالے جانے والے ڈاکے کیخلاف عوام کے احتجاج میں بھرپور شرکت کریں گے۔
- قوم کو ننگی ڈاکہ زنی سے نجات دلوانے کا مؤثر ذریعہ صاف، شفاف اور بلاتاخیر انتخابات ہیں۔
- نگران حکومت نمائشی کارروائیوں پر قوم کا قیمتی وقت ضائع کرنے کی بجائے فوری طور پر اقتدار عوام کی جائز اور منتخب حکومت کے سپرد کرنے کی تیاری کرے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ